04/01/2026

12.30/ PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنئے

اسمبلی

جمونو کشمیر اسمبلی کا آئندہ اجلاس2فروری کو طلب کیا گیا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جمونو کشمیر تنظم نو ایکٹ2019 کی دفعہ18(1) کے تحت حاصل اختیارات کا استعمال کر تے ہوئے اسمبلی کے سبھی ارکان سے کہا ہے کہ وہ2فروری کو صبح10بجے اسمبلی کمپلیکس جموں میں موجود رہیں۔

اجلاس کے پہلے روز لیفٹنٹ گورنر کا خطاب ہو گا۔ اسمبلی کے سیکریٹری منوج کمار پنڈٹ کی طرف سے بھی اس سلسلے میں ایک نوٹیفکیشن جاری کیا گیاہے۔

زچہ بچہ

جموں وکشمیر میں زچہ اور بچہ کی صحت مندی میں نمایا پیش رفت درج کی جا رہی ہے۔ ہیلتھ سیکٹر مینکی جارہی متواتر اصلاحات کے نتائج زمینی سطح پر قابل قدر نتائج کی صورت مینسامنے آرہے ہیں۔

اس سلسلے میں محکمہ صحت کی طرف سے جاری کردہ اعدادو شمار کے مطابق زچگی کے دوران جموں و کشمیر میں ایک لاکھ ماؤں میں سے فوت ہونے والی ماؤں کی شرح47ہے،جو کہ قومی اوسط88کے مقابلے میں تقریباًآدھی ہے۔

اسی طرح سے نوزائد اورچھوٹے بچو ں کی شرح ا موات میں بھی حوصلہ افزاکمی درج کی گئی ہے۔

بریل ڈے

آج بریل کا عالمی دن ہے ۔ یہ دن ہر برس 4 جنوری کوقوت بسارت سے محروم افراد کےلئے کے جنم دن کے Louis Braille لکھنے پڑھنے سے متعلق ایک منظم نظام تیار کرنے کے موجد موقعے پرمنایاجا تا ہے ۔

کشمیر میں قوت بینائی سے محروم کئی ایک افراد اپنی محنت اور لگن کی بدولت کامیابی کی بلندیوں کو چھو رہے ہیں اور انکی کامیابی کی داستان نہ صرف اس طبقے کے لوگوں، بلکہ پورے سماج کےلئے ایک ترغیب ہے۔

اس دن کی مناسبت سے آج پورے ملک کے ساتھ ساتھ کشمیر وادی میں بھی کئی پروگراموں کا اہتمام ہے۔

SMC

میونسپل آمدنی اور معیاری شہری خدمات کی فراہمی کے درمیان براہ راست تعلق کو اُجاگر کرتے ہوئے، میونسپل کمشنر سرینگر فضل الحسیب نے اس بات پر زور دیا ہے کہ بلاتعطل صفائی کی خدمات، بہتر بنیادی ڈھانچے، اورشہری سہولیات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانے کےلئے پائیدار آمدنی ضروری ہے۔

سرینگر کے حضوری باغ میں میونسپل اثاثوں کا معائنہ کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ میونسپل اثاثے قیمتی عوامی وسائل ہیں اور وسیع تر عوامی مفاد میں پیشہ ورانہ اور ذمہ داری کے ساتھ ان کا انتظام ضروری ہے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی کے گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر ACB جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کے الفاظACB کارروائی کر رہا ہے۔

سرینگر

سرینگر میں مویشیوں کومنہ کھور اور دیگر بیماریوں سے محفوظ رکھنے اور بچاو کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کی غرض سے ڈپٹی کمشنرسرینگراکشے لابرو نے ڈپٹی کمشنر آفس کے احاطے سے موبائل ویٹرنری یونٹس کو روانہ کرکے ٹیکہ کا ری کے ساتویں مرحلے کا باقاعدہ آغاز کیا۔

یہ موبائل ویٹرنری اکائیاں ضلعے کے دیہی اور شہری علاقوں کا دورہ کریں گی اور کسانوں کی دہلیز پر مویشیوں کو ویکسین لگائیں گی تاکہ یہ عمل آسان اور قابلِ رسائی بن سکے۔

انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ضلع میں جانوروں کی 100 فیصد ویکسینیشن کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

DCبانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے اہم سرکاری دفاتر کے کام کاج اور نچلی سطح پر عوامی خدمات کی فراہمی کا جائز لینے کےلئے ضلع کے تحصیل آلوسہ کا تفصیلی دورہ کیا۔

دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے تحصیل دفتر آلو سہ کے علاوہ دیگر کئی سرکاری دفاترکا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے مو ثر، شفاف اور عوام دوست خدمات کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے اراضی کے ریکارڈ کے ڈیجیٹائزیشن کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔

DCبڈگام

اِدھرڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے قابل اعتماد اور قابل رسائی ڈیجیٹل لینڈ ڈیٹا بیس بنانے کے لیے ریونیو ریکارڈ کی مکمل ڈیجیٹائزیشن کی ضرورت پر زور دیا ہے۔انہوں نے ضلع کے تمام تحصیلوں مینمحکمہ مال کے ریکارڑکی ڈیجیٹلائزیشن کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

ڈپٹی کمشنر نے اب تک کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کا جامع جائزہ لیتے ہوئے تمام تاریخی اور موجودہ ریونیو ریکارڈز کو مقررہ وقت مینڈیجیٹائزکرنے کی ہدایت دی ۔

Winter

وادی مینموسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ گوکہ گرمائش کے آلات کا استعمال نا گزیر بن جا تا ہے، تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کا استعمال انتہائی احتیاط کے ساتھ کیاجائے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ